# روح اخبار

—— ایک اطلاع مظہر ہے کہ مکہ مکرمہ میں آگ بجھانے کیلئے حکومت سعودیہ نے ساڑھے پانچ پانچ سو گیلن کی چار موٹریں خریدی ہیں جنمیں سے تین میونسپل فائر بریگیڈ کے ساتھ رہیں گی اور چوتھی جمعیۃ الاسعاف الخیری کے ساتھ۔ پانی کی بہم رسانی کیلئے نہر زبیدہ کی اصلاح کی جارہی ہے اور کہیں کہیں ٹینکیاں بھی بنائی گئی ہیں۔

—— شاہ مصر کی بہن ملکہ فوزیہ کی منگنی ایران کے ولیعہد شہزادہ شاپور محمد رضا سے ہوگئی ہے۔ اس رشتہ کے باعث دو اسلامی سلطنتوں کے تعلقات بہت خوشگوار ہوجانیکی امید ہے۔

—— آئندہ جنگ عظیم سے ملک کی حفاظت کیلئے حکومت ٹرکی نے دنیا کے سب سے زیادہ تیز رفتار بمبار ہوائی جہاز خریدے ہیں اس سلسلہ میں حکومت الالکھ ساٹھ کروڑ پونڈ کی رقم بھی منظور کرنیوالی ہے۔

—— حکومت مصر نے جبری تعلیم کو لازمی بنا کر مصر سے ناخواندگی کے ختم کردینے کا عزم راسخ کرلیا ہے معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلہ میں ڈاکٹر حسین ہیکل وزیر تعلیم مصر کے حکم سے مصر میں چار سو نئے مدارس کھولے جائیں گے۔ آئندہ اور مدارس کے کھلنے کی بھی امید ہے

—— کچھ مدت سے عراق اور حجاز کی حکومتوں کے مابین سرحدی علاقوں کی آبپاشی سے متعلق بعض امور تصفیہ طلب تھے اب معلوم ہوا ہے کہ دونوں حکومتوں نے سرحدی معاملات کے ہر ایک جزو پر اتفاق کرلیا ہے۔

—— محکمہ آثار قدیمہ کی مدد سے سندھ میں اسلامی عہد حکومت کے بہت سے قابل قدر کتبات دستیاب ہوئے ہیں جو اس زمانے کے اولوالعزم مسلم خاندانوں پر مشتمل ہیں عنقریب محکمہ آثار قدیمہ کیطرف سے انھیں کتابی صورت میں شائع کیا جائیگا۔

—— محکمہ پیمائش ارضیات ہند کی رپورٹ بابتہ ۳۷ء دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں ایک سال میں ۸۲ زلزلے آئے

—— موٹر کمپنی نے مکہ معظمہ میں ٹیکسی سروس کا سلسلہ جاری کردیا ہے اب ہر شخص مناسب کرایہ پر بہترین موٹر کار حاصل کرسکتا ہے

—— جو غیر ملکی طالبعلم تعلیم کی غرض سے مکہ مکرمہ میں مقیم ہیں جلالۃ الملک سلطان ابن سعود ایدہ اللہ بنصرہ کی طرف سے انھیں ان پابندیوں سے مستثنیٰ کردیا گیا ہے جو حال ہی میں غیر ملکیوں کی اقامت کے متعلق رائج کردہ قانون کی رو سے ان پر عائد ہوتی تھیں۔

—— ۲۷ ربیع الاول کو جشن استقلال افغانستان پورے جوش و خروش سے منایا گیا۔ نماز عصر کے بعد وزیر فوق العادۃ کی طرف سے شاندار ٹی پارٹی کا انتظام کیا گیا۔

—— جلالۃ الملک المعظم سلطان ابن سعود کے حکم سے قبہ ظیفر و عقیر میں تین لاسلکی سٹیشن کھولدیئے گئے ہیں ان تینوں میں عوام کے برقی پیغامات بھی وصول کیے جائیں گے۔

—— یہ افواہ گرم ہے کہ لندن اور واشنگٹن میں سونیکی قیمت بڑھنے والی ہے اسلئے بمبئی کے بازار صرافہ پر بہت گہرا اثر پڑ رہا ہے۔ گذشتہ تین دن میں یہاں ۷۵ ہزار اونس سونا خریدا جاچکا ہے۔

جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ سے شائع کیا۔